سوال

(172)صدقات کس کے سپرد کیے جائیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مال صدقہ فطر، زکوۃ مٹھیا کس کو دیا جائے؟ تمبا کو کھانا پینا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا!

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صدقہ فطر اور زکوۃ کا مال سردار کے پاس بھیجنا چاہیے یعنی سردار کے حوالے کرنا چاہیے تمبا کو کھانا پینا بضرورت دوا جائز ہے۔[1] واللہ اعلم بالصواب۔

---

[1]۔اس فتوے کے ساتھ حاشیے میں لکھا ہے "تنقید کرو۔"یعنی حضرت مولانا محمد عبد الرحمٰن محدث مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ جواب درست نہیں ہے۔ تمبا کو کے متعلق اگلے صفحات (ص119) میں فتوی ملاحظہ کریں کہ یہ ناجائز ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الزکاۃ والصدقات، صفحہ:338

محدث فتویٰ